کوبوتسوشو(استمال شدہ اشیا کی خرید و فروخت کرنے کا پرمٹ)حاصل کرنے والے اجاب درج ذیل ہدایات پر عمل پیدا ہوں۔
(حوالہ) [فروری **2023**]

حاصل شدہ لائسنس کی دی ہوئی تفصیل میں اگر کوئی تبدیلی ہو تو جلد از جلد بتائیں ۔
(ریگولیشن آف سیکنڈ ہینڈ آرٹیکل کاروباری ایکٹ آرٹیکل 7 ، پیراگراف 5) [خلاف ورزی کی صورت میں جرمانہ 100000 ین ہو گا]

یہ لائسنس حاصل کرنے کے بعد الگ الگ دی گئی کاروبار کی تفصیل ہو اگر آپ نے کوئی تبدیلی کی ہے یا تبدیلی کرنے کا ارادہ ہے تو پولیس کو جلد مطلع کریں ۔
اگر آپ کے کاروبار کی کوئی برانچ آئیچی پریفیکچر سے باہر کسی اور پریفیکچر میں ہے اور اس برانچ کے کاروبار میں کوئی تبدیلی ہے تو آئیچی پریفیکچر کے پولیس اسٹیشن میں اطلاع کر سکتے ہیں ۔
لائسنس میں تبدیلی درج کرنے والا فارم آئیچی پریفیکچر پولیس کی ویب سائٹ سے ڈاؤن لوڈ کیا جا سکتا ہے ۔ اس فارم کے ساتھ ضروری دستاویزات لگانی ہیں ، ان کی تفصیل ویب سائٹ پردرج ہے ۔

◎کسی تبدیل کی صورت میں اپنی کاروباری برانچ کے علاقہ کے پولیس اسٹیشن کو اعطلاع کر سکتے ہیں ۔
تاہم ، سٹار (★) کا نشان والی جگہوں میں تبدیلی کی صورت میں آپ کے کاروبار کی مین برانچ کے علاقہ کے پولیس اسٹیشن کو مطلع کرنا ضروری ہے تاکہ لائسنس پر تبدیلی لکھی جا سکے ۔


1 لائسنس میں تبدیلی کا لکھا ہوا فارم پولیس اسٹیشن کو دینے سے قبل یہ چیزیں ضروری ہیں ۔ (فارم نمبر 5)
(1) جب آپ مین برانچ کے تبدیلی کے خواہش مند ہوں ۔
(مثال کے طور پر اپنی چھوٹی برانچ کو مین برانچ بنانا ہو یا مین برانچ کو چھوٹی برانچ بنانا ہو)
(2) جب آپ اپنی کمپنی کا نام تبدیل کرنا چاہتے ہیں یا کمپنی کا ایڈریس تبدیل کرنا چاہتے ہیں ۔
(کمپنی نام کی تبدیلی ، علاقہ( ایڈریس) کی تبدیلی ، نئی برانچ قائم کرنی ہو یا اپنی کمپنی ختم کرنی ہو وغیرہ)
◎ تبدیلی کا نوٹیفیکیشن 3 دن پہلے دینا ضروری ہے ۔
(مثال کے طور پر مہینہ کی 10 تاریخ کو ایڈریس تبدیل کرنا ہے تو 6 تاریخ کو پولیس کو نوٹیفیکیشن دینا ضروری ہے)

2 کاروبار کے لائسنس میں تبدیلی ہونے کے بعد کرنے والے ضروری کام یہ ہیں ۔ (فارم نمبو 6)
★(1) کمپنی کے مالک کا نام اور ایڈریس (لیمٹڈ کمپنی اگر رجسٹرڈ ہوئی ہے تو کمپنی کا نام اور ایڈریس ، مالک کا نام اور ایڈریس وغیرہ)
★(2) کمپنی کے مالک میں تبدیلی
★(3) اس کے علاوہ کمپنی کے مالک کا سابق نام یا قلمی نام صرف بھی لکھا جا سکتا ہے ۔
★(4) اپنی کمپنی سے باہر جا کر خرید و فروخت کرنا
(5) کمپنی مالک کے علاوہ منیجر (ایگزیکٹو) کا نام اور ایڈریس
(6) کمپنی میں کئے جانے والے موجودہ کاروبار میں تبدیل یا کاروبار میں اضافہ کی قسم (زمرہ)
(7) کمپنی کے منیجر کا نام ، ایڈریس
(8) منیجر کی تبدیلی یا نئی برانچ بنانے کی صورت میں نئے منیجر کی نامزد گی
(9) آن لائن کاروبار کرنے کی صورت میں یا نئے منیجر کی نامردگی (URL میں تبدیلی ہو)
◎ مذکورہ بالا 1-9 کی صورت میں ، 14 دن کے اندر پولیس کو اطلاع دینا ضروری ہے ۔
(لمٹیڈ کمپنی کی صورت میں 20 دن کے اندر اطلاع دیں)

سائن بورڈ کے متعلق (سیکنڈ ہینڈ (استمال شدہ اشیاء) کا کا روبار ایکٹ آرٹیکل 12)
[خلاف ورزی کی صورت میں 100000 ین جرمانہ ہو گا]

سیکنڈ ہینڈ کاروبار کے ڈیلر کے لئے لازمی ہے کہ اپنی کمپنی میں یہ سائن بورڈ لگائیں جس پر کوبوتسوشو (لائسنس) کا نمبر ، کاروبار کی نوعیت اور کمپنی نام لکھا ہو۔ اگر کسی نمائش میں عارضی سٹور کھولیں تب بھی یہ سائن بورڈ لگانا لازمی ہے ۔

[سائن بورڈ کا طرز]




[ریمارکس]

1 یہ سائن بورڈ سٹنڈرڈ ڈیزائن ھہے جو کہ کہچنی میں لگانا ھہے۔
2 سائن بورڈ دھیت یا پلاسٹک کا ہونا چاھئے یا کسی ایسی دھات کا جو کہ مضبوط ہو۔
3 سائن بورڈ کی تحریر سفید رنگ کی ہونی چاھئے۔ سائن بورڈ کا رنگ گھرا نیلا ہو۔
4 لائسنس کا نمبر کس سائن بورڈ پر لکھا ہونا ضروری ہے۔
5 سائن بورڈ کی چوڑائی 16 سینٹمیٹر اور لمبائی 8 سینٹمیٹر ہونی چاہئے۔
6 سائن بورڈ کے سنٹر میں کمپنی کا مین کاروبار لکھنا ضروری ہے یعنی جو سیکنڈ ہینڈ اشیاء کا کاروبار ہے اس کا لکھا ہونا ضروری ہے۔ (سیکنڈ ہینڈ کاروبار ایکٹ آرٹیکل 2)
اگر ایک سے زیادہ اقسام کا سیکنڈ ہینڈ کاروبار ہے تو صرف مین کاروبار لکھنا کافی ہے۔
اگر کاروبار آرٹ ہے تو「美術品」، گھریوں یا جویری ہے تو 「時計・宝飾品」،
موٹر سائیکل اور سکوٹر ہے تو「オートバイ」، سائیکل ہے تو 「自転車」 ،
فوٹوگرافی کا سامان ہے تو「写真機」، دفتری سامان ہے تو 「事務機器」 ، چمڑے اور
مشین اور اوزار ہے تو 「機械工具」، اوزار ہے تو 「道具」،
ربڑ کا سامان ہے تو 「皮革・ゴム製品」، ٹکٹ ہے تو 「チケット」 لکھیں۔
7 سائن بورڈ پر نچلی طرف کمپنی کا نام لکھیں۔ اگر ذاتی کاروبار ہے تو مالک کا پورا نام

(ウルドゥ語版)

آئچی پریفیکچر فلان پولیس اسٹیشن

سیکنڈ ہینڈ آرٹیکل کاروبار ڈیلر کی پابندی کے متعلق (سیکنڈ ہینڈ آرٹیکل کاروبار ایکٹ آرٹیکل 14)
[اس پابندی کی خلاف ورزی کرنے پر ایک سال کی قید یا جرمانہ 500000 ین کی سزا ہے]

سیکنڈ ہینڈ آرٹیکل کاروبار کرنے والا اپنی کمپنی میں اشیائی کی خرید و فروخت کر سکتا ہھے۔ اپنے گاہک کے گھر / ایڈریس پر اشیاء پہنچا سکتا ہھے لیکن کسی کافی شاپ شاپنگ مال یا پارک پر یہ کاروبار نہیں کر سکتا۔ اسی طرح کمپنی پر کسی کی سیکنڈ ہینڈ چیز کو اپنی کمپنی کی جگہ کے علاوہ کسی کو نہیں بیچ سکتا۔ گاہک کے گھر جا کر بیچ سکتا ہھے ۔

کسی جگہ عارضی کاروبار کرنے پر نوٹفیکیشن ضروری ہھے ۔ ( سیکنڈ ہینڈ آرٹیکل کاروبار ایکٹ آرٹیکل 14 )

کسی جگہ عارضی کاروبار کرنے کی صورت میں جس علاقہ میں یہ عارضی دوکان لگانی ہے اس علاقہ کے پولیس اسٹیشن میں نوٹیفیکیشن دیں کہ فلاں تاریخ کو فلاں وقت اور فلاں ایڈریس پر یہ عارضی کاروبار کرنا ہے ۔
اگر کسی دوسرے پریفیکچر میں عارضی سٹور کھول کر کاروبار کرنے کا ارادہ ہے تو اپنے موجودہ پریفیکچر کے علاقہ کے پولیس اسٹیشن کو نوٹیفیکیشن دیں جہاں آپ کا کاروبار ہو رہا ہے ۔
* عارضی سٹور کیا ہوتا ہے ؟
عارضی سٹور کا مطلب ہے کہ کسی نمائش میں ایک بوتھ یا کمرہ بنا کر وہاں اپنا کاروبار عارضی طور پر سیٹ کر کے اپنی سیکنڈ ہینڈ اشیاء بیچنا یا تبادلہ کرنا وغیرہ ۔ عارضی بوتھ ( دوکان ) پر اپنی کمپنی کا سائن بورڈ لگانا ضروری ہے ۔

روزنامچہ اندراج ( سیکنڈ ہینڈ آرٹیکل کاروبار ایکٹ آرٹیکل 16 )
[ خلاف ورزی کی صورت میں 6 ماہ قید کی سزا یا 300000 ین جرمانہ ہو سکتا ہے ۔ ]

جب کبھی سیکنڈ ہینڈ اشیاء کا ڈیلر کوئی چیز لیتا ہے یا دیتا ہے ۔ روزنامچہ میں اندراج ضروری ہے ۔ اسی طرح کمپنی پر خرید و فروخت کرتا ہے تو اس کا اندراج بھی لازمی ہے ۔ استثناء والی اشیاء کا اندراج ضروری نہیں ہے۔
اگرکمپنی کے دفتر میں کمپیوٹر میں ڈیٹا کا اندراج کرتے ہیں تو پوچھنے پر اپنا کمپیوٹر دکھائیں۔
* کمپنی میں 3 سال کا ریکارڈ رکھیں ۔ مثال کے طور پر اگر گاڑی آج خریدی ہے تو اس کا ریکارڈ 3 سال تک کمپیوٹر یا روزنامچہ میں رکھیں ۔

ریککارڈ رکھنے والا فارم

| 受　入　れ (خریدا ہوا سامان) | | | | | | | | | | 払　出　し (بیچا ہوا سامان) | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 年月日 | 区分 | 取引した古物 ( لین دین کرنے والا سیکنڈ ہینڈ آرٹیکل ) | | | 相手方の真偽を確認するためにとった措置の区分（及び方法） | 取引の相手方 ( چیز بنانے والی کمپنی کا نام ) | | | | 年月日 | 区分 | 取引の相手方 (چیز بنانے والی کمپنی کا نام) | |
| | | 品目 | 特徴 | 数量 | | 住　所 | 氏　名 | 職業 | 年齢 | | | 住　所 | 氏名 |
| سال اور تاریخ | سامان کی قسم | آئٹم | خاصیت | مقدار | جس سے خریدا ہے اس کی شناخت کی تصدیق کا طریقہ | پتہ | نام | پیشہ | عمر | سال اور تاریخ | قسم | پتہ | نام |

1 خریدے ہوئے سامان کے کالم میں نیچے کی طرف آئٹم کی قسم (نوعیت) اور اسی طرح بیچے ہو سامان کے کالم میں نیچےکی طرف آئٹم کی قسم (نوعیت) والی جگہ پر کاروبار کی درجہ بندی ، کمپنی پر سورا یا آئٹم (چیز) گاہک (کلائنٹ) کو واپس کی ہرسب درج کریں۔
2 آئٹم کا الگ الگ اندراج ضروری ہے۔
3 مثال کے طور پر آئٹم کی قسم (نوعیت) کے کالم میں کیسے اندراج کرتا ہے۔ اگر لباس ہے تو تعضیل ضروری ہے جیسے کہ جیکٹ ہے یا مردانہ سوٹ سنگل بریسٹ ، سوٹ پر اگر بندے کا نام لکھا ہوا ہے ، واسکٹ ، پینٹ وغیرہ اگر گھڑی ہے تو گھڑی کا نام مثلاً اومیگا یسیکو ، ماڈل ، نمبر ، اور گھڑی کے ڈائل پر اگر نشان وغیرہ لگے ہیں ۔ اگر گاڑی ہے تو ضروری معلومات کا اندراج ، مثال کے طور پر گاڑی کی نمبرپلیٹ ، گاڑی کا نام ، VIN (فریم) نمبر ، مالک کا نام وغیرہ جو کہ شاکین شو(وہیکل رجسٹرلیشن سرٹیفیکیٹ) پر درج ہیں یا ریکارڈ کیے ہوئے ہیں۔
4 اگر کسی ایسے شخص سے کچھ دن پہلے سودا کیا ہے اور اس کا نام ، پتہ ، پیشہ اور عمر روزنامچہ میں لکھے ہوئے ہیں تو دوبارہ سودا کرنے پر صرف اس کا نام لکھنا کافی ہے باقی معلومات لکھنے کی ضرورت نہیں ہے۔

سائٹ انسپکشن ( سیکنڈ ہینڈ آرٹیکل کاروبار ایکٹ آرٹیکل 22 )
[ انسپکشن سے انکار کرنے پر 100.000 ین کا جرمانہ ہو سکتا ہھے ۔ ]

پولیس جب بھی ضروری سمجھے گی ، کاروباری اوقات میں انسپکشن کے لیے بغیر پیشگی نوٹس آپ کی کمپنی میں داخل ہو سکتی ہے اور جہاں سیکنڈ ہینڈ اشیاء کا سٹوریج ہے یا دفترمیں داخل ہو سکتی ہے جہاں کمپنی کا ریکارڈ رکھا ہوا ہے اور متعلقہ شخص سے پوچھ گچھ کر سکتی ہے۔
انسپکشن سے انکار کرنا ، انسپکشن میں رکاوٹ پیدا کرنا یا حیلے بہانے پر سزا ہو سکتی ہھے۔